# سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ 1997

# SINDH ORDINANCE NO. XI OF 1997

# سندھ ایرڈ زون ڈولپیمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1997

# THE SINDH ARID ZONE DEVELOPMENT AUTHORITY(AMENDMENT) ORDINANCE, 1997

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 1985 کے سندھ ایکٹ II کی دفعہ 2 ترمیم

Amendment of Section 2 of Sind Act 11 of 1985

3. 1985 کے سندھ ایکٹ II کی دفعہ 5 کی ترمیم

Amendment of Section 5 of Sindh Act II of 1985

4. 1985 کے سندھ ایکٹ II کی نئی دفعہ A-13 کا اندراج

Insertion of new section 13-A in Sindh Act II of 1985

# سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ 1997

# SINDH ORDINANCE NO. XI OF 1997

# سندھ ایرڈ زون ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1997

# THE SINDH ARID ZONE DEVELOPMENT AUTHORITY(AMENDMENT) ORDINANCE, 1997

[17 مئی، 1997]

آرڈیننس، جس کے ذریعے سندھ ایرڈ زون ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1985 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ایرڈ زون ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1985 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ ایرڈ زون ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1997 کہا جائیگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

| | |
|---|---|
| سندھ ایکٹ II 1985 کی دفعہ 2 ترمیم<br>Amendment of Section 2 of Sind Act 11 of 1985 | 2. سندھ ایر ڈزون ڈویلپمینٹ اتھارٹی ایکٹ، 1985 میں، دفعہ 2 میں، اس کے بعد مندرجہ ذیل ایکٹ کا حوالہ دیا گیا ہے-<br>(i) شق (i) میں سیمی کولن سے پہلے " اور وائس چیئرمین " کے الفاظ شامل کیئے جائیں گے؛<br>(ii) شق (m) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائیگا:-<br>"(n) "وائس چیئرمین" سے مراد ہے اتھارٹی کا وائس چیئرمین۔" |
| سندھ ایکٹ II 1985 کی دفعہ 5 کی ترمیم<br>Amendment of Section 5 of Sindh Act II of 1985 | 3. مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 5 میں-<br>(i) مذکورہ ذیلی دفعہ (1) میں لفظ "چیئرمین" اور لفظ "اور" کاما اور الفاظ کے درمیاں، ایک وائس چیئرمین جو صوبائی اسمبلی کا رکن ہو گا، داخل کیا جائیگا؛<br>(ii) مذکورہ ذیلی دفعہ (1) کے بعد، ذیلی نئی دفعہ داخل کی جائیگی:-<br>"(1-A) وائس چیئرمین کا آفس کل وقتی آفس نہیں ہو گا، جس کا معاوضہ تنخواہ یا فیس کے حساب سے دیا جاتا ہے۔" |
| سندھ ایکٹ II 1985 کی نئی دفعہ 13-A کی اندراج<br>Insertion of new section 13-A in Sindh Act II of 1985 | 4. مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 13 کے بعد، نئی دفعہ داخل کی جائیگی:-<br>"13-A. وائس چیئرمین کے اختیارات اور کام۔ وائس چیئرمین ایسی ذمے داریاں اور ایسے کام سرانجام دینگے جو اسے چیئرمین کے ذریعے تفویض کیئے گئے ہوں۔"<br>**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔** |